Employment Standards

روزگار کے معیارات کے قانون، (Employment Standards Act) 2000 کے تحت آپ کے حقوق

اعلان دستبرداری: یہ وسیلہ روزگار کے معیارات کے قانون، (ای ایس اے) ((Employment Standards Act, 2000 (ESA) اور ضابطوں کے تحت مقرر کردہ بعض کم از کم حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھنے میں ملازمین اور آجرین کی مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ اس کا مقصد ای ایس اے (ESA) یا ضابطوں کی جگہ لینا نہیں ہے اور حوالہ صرف قانون کے باضابطہ ورژن کا ہی دیا جانا چاہئے۔ حالانکہ ہم اسے یقینی بنانے کی کوشش کررہے ہیں کہ اس وسیلہ کی معلومات ممکنہ حد تک تازہ ترین اور بالکل درست ہو، لیکن غلطیاں کبھی کبھار ہو ہی جاتی ہیں۔ ای ایس اے (ESA) کم از کم معیارات ہی فراہم کرتا ہے۔ کچھ ملازمین کو ملازمتی معاہدے، اجتماعی معاہدے، عمومی قانون، دیگر قانون کے تحت زیادہ حقوق حاصل ہوسکتے ہیں۔ آجرین اور ملازمین قانونی مشورہ حاصل کرسکتے ہیں۔

یہ معلومات نامہ روزگار کے معیارات کے قانون، ای ایس اے، 2000 (ESA))Employment Standards Act, 2000(کے تحت اونٹاریو میں برسر ملازمت ایک غیر ملکی کے بطور آپ کے حقوق کا خلاصہ فراہم کرتا ہے۔ ای ایس اے (ESA) ایک ایسا قانون ہے جو کہ اونٹاریو کے زیادہ ترجائے کار میں کم از کم معیارات مقرر کرتا ہے، جیسے کہ کم از کم اجرت اور کام کے گھنٹوں کی حدود۔ کچھ مخصوص ملازمین پر خصوصی اصولوں اوراستثنآت کا اطلاق ہوتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے، Ontario.ca/ESAguide پر جائیں۔

آپ کے آجر کے جانب سے آپ کو ملازمت حاصل کرنے کی تاریخ سے 30 دنوں کے اندر ملازمت کے معیار کا پوسٹر (Employment Standards Poster) کی ایک کاپی فراہم کرنے کی بھی ضرورت ہے۔ آپ ترجمہ شدہ ورژن کی درخواست کرسکتے ہیں اور اگر یہ وزارت محنت (Ministry of Labour) کی جانب سے دستیاب ہے تو، آپ کے آجر کے لیے انگریزی کاپی کے علاوہ اسے فراہم کرنا ضروری ہے۔ پوسٹر Ontario.ca/ESAposter پر دستیاب ہے۔

جائے کار پر میرے ملازمت کے معیارات کے حقوق کیا ہیں؟

تنخواہ کی مستقل ادائیگی اور تنخواہ کے اسٹیٹمنٹس

آپ کو مستقل ادائیگی والے دن ادائیگی ہونی چاہیے اور تنخواہ کے اسٹیٹمنٹس ملنے چاہئیں۔

کام کے گھنٹوں کے حدود اور کھانے کے وقفے

عام طور پر، آپ کو 8 گھنٹے روزانہ یا اپنے مستقل یومیہ کام کے نظام الاوقات (اگر 8 گھنٹے سے زیادہ ہو) سے زیادہ اور ایک ہفتہ میں 48 گھنٹوں سے زیادہ کام کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ زیادہ تر ملازمین ہر دن کم از کم لگاتار 11 گھنٹوں کی چھٹی اور ہر ہفتے لگاتار 24 گھنٹوں کی چھٹی یا ہر 2- ہفتے کے عرصے میں لگاتار 48 گھنٹوں کی چھٹی کے مستحق ہیں۔ اگر آپ تحریری شکل میں اور بعض شرائط کی تکمیل کرکے زیادہ گھنٹے کام کرنے کے لیے متفق ہوتے ہیں تو آپ ایسا کرسکتے ہیں۔ آپ 30 منٹ کے کھانے کے وقفہ کے بغیر لگاتار 5 گھنٹے سے زیادہ کام نہیں کرسکتے ہیں۔

اوور ٹائم کی ادائیگی

زیادہ تر کاموں کے لیے، ایک ہفتہ میں 44 گھنٹوں کے کام کے بعد اوور ٹائم قابل ادائیگی ہوتی ہے۔ اوور ٹائم کی شرح آپ کے مستقل شرح کا کم از کم 1½ گنا ہونا چاہیے۔ آپ اوور ٹائم، ساتھ ہی کام کے گھنٹوں کی حدود اور کھانے کے وقفے کے بارے میں Ontario.ca/hoursofwork پر مزید جان سکتے ہیں۔

Ontario

وزارت محنت (Ministry of Labour)

کم از کم اجرت

زیادہ تر ملازمین کم از کم اجرت کی ادائیگی کے مستحق ہیں۔ آپ Ontario.ca/minimumwage پر حالیہ ترین شرحیں تلاش کرسکتے ہیں۔

ادائیگی کے ساتھ تعطیل

زیادہ تر ملازمین ہر 12 ماہ کے وقفہ میں دو ہفتے کی تعطیل اور تعطیل کی ادائیگی کے بطور 12 ماہ کے وقفے میں کمائی ہوئی کل تنخواہ کے کم از کم 4% کی ادائیگی کے حقدار ہیں۔

سرکاری چھٹیاں اور سرکاری چھٹیوں کی تنخواہ

اونٹاریو میں ہر سال نو سرکاری چھٹیاں ہوتی ہیں۔ زیادہ تر ملازمین کو ان دنوں میں چھٹی لینے اور عوامی تعطیلات کی ادائیگی حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔ سرکاری چھٹیوں کے بارے میں مزید جاننےکے لیے Ontario.ca/publicholidays ملاحظہ کریں۔

غیرحاضریوں والی چھٹی

ملازمت کے تحفظ کے ساتھ متعدد بغیر تنخواہ والی غیرحاضریوں کی چھٹیاں ہیں جن میں حمل، والدیت، خاندان کے دیکھ بھال کنندہ، اور ذاتی ہنگامی چھٹیاں شامل ہیں۔ اہل ملازمین کو ملازمت کے تحفظ کے ساتھ غیر حاضری کی بغیر ادائیگی والی چھٹی کا حق حاصل ہے خواہ آپ کل وقتی، جزوقتی، مستقل، یا معاہدے والے ملازم ہوں۔

ملازمت ختم ہونے کی نوٹس اور/یا نوٹس کے بجائے تنخواہ (اگر کم از کم تین مہینوں کے لیے ملازمت کی ہو)

اگر آپ کو کم از کم تین مہینوں کے لیے ملازمت پر رکھا گیا ہے، تو اگر آجر آپ کی ملازمت ختم (سبکدوش) کرتے ہیں تو عام طور پر آپ کو ایسی صورت میں ملازمت کے خاتمے کی نوٹس پانے کا حق ہے۔ آپ کو کام پر رہتے ہوئے نوٹس، ورکنگ نوٹس کے بجائے ادائیگی، یا دونوں دی جا سکتی ہیں۔ عام طور پر، کم از کم نوٹس جو آپ کو لازمی طور پر ملنی چاہیے وہ ایک ہفتہ (اگر آپ کم از کم تین مہینوں لیکن ایک سال سے کم عرصے سے ملازمت پر ہیں) سے آٹھ ہفتے (اگر آپ آٹھ سالوں یا زیادہ عرصے سے ملازمت پر ہیں) تک کی ہے۔ یہ معلوم کرنے کے لیے کہ کیا آپ ملازمت کے خاتمے کی نوٹس یا تنخواہ کے لیے اہل ہوسکتے ہیں، ملازمت کے خاتمے کی نوٹس (Termination Tool) آزمائیں جو اس پتے پر دستیاب ہے Ontario.ca/ESAtools۔

اپنے ESA حقوق کے بارے میں پوچھنے یا استعمال کرنے کے لیے آپ کو سزا نہیں دی جاسکتی ہے

اگر آپ ای ایس اے (ESA) کے تحت اپنے حقوق طلب کرتے ہیں یا یہ کہتے ہیں کہ آپ کو آپ کے حقوق دیے جائیں تو، آپ کے آجر کسی بھی طرح سے آپ کو سزا نہیں دے سکتے، جس میں آپ کے ملازمتی تعلقات کا خاتمہ بھی شامل ہے۔ آپ کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ اپنے ای ایس اے (ESA) حقوق طلب کرنے یا اس کا استعمال کرنے پر اپنے آجر کے ذریعہ آپ کو کوئی سزا نہ دی جائے۔

اگر آپ ایک غیرملکی شہری ہیں جو غیر ملکی افراد کے لیے ملازمت کا تحفظ کے ایکٹ برائے 2009 (Employment Protection for Foreign Nationals Act, 2009)، کے تحت تحفظ یافتہ ہے

غیر ملکی افراد کے لیے ملازمت کا تحفظ کے ایکٹ برائے 2009 (ای پی ایف این اے Employment Protection for Foreign Nationals Act, 2009 (EPFNA)) کے تحت تحفظ یافتہ غیرملکی شہری ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں معلومات نامہ کے ساتھ ساتھ یہ دستاویز حاصل کرنے کا مستحق ہے۔ اگر آپ کی پہلی زبان انگریزی نہیں ہے، تو آپ کے آجر یا بحال کنندہ کے لیے یہ معلوم کرنا ضروری ہے کہ کیا معلومات نامہ آپ کی پہلی زبان میں دستیاب ہے، اور اگر ایسا ہے تو، آپ کو ترجمہ شدہ ورژن بھی فراہم کرے۔ مزید معلومات کیلئے، براہ کرم Ontario.ca/EPFNA ملاحظہ کریں۔

اگر آپ کا کوئی سوال ہے یا آپ دعوی دائر کرنا چاہتے ہیں

مزید معلومات کیلئے، براہ کرم Ontario.ca/employmentstandards ملاحظہ کریں یا ملازمتی معیارات کے مرکز معلومات (Employment Standards Information Centre) کو 326-7160 (416) (ٹول فری 1-800-531-5551 پر) یا، سمعی نقص والوں کے لیے، TTY 1-866-567-8893 پر کال کریں۔ معلومات متعدد زبانوں میں دستیاب ہیں۔

Ontario

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو ای ایس اے (ESA) کے تحت اپنے حقوق حاصل نہیں ہوئے ہیں اور آپ دعوی دائر کرنا چاہتے ہیں تو، آپ آن لائن اس پتے سے امپلائمنٹ اسٹینڈرڈز کلیم فارم (Employment Standards Claim Form) Ontario.ca/ESAforms پر جاکر یا منتخب سروس اونٹاریو سنٹر (ServiceOntario Centre) سے اس تک رسائی کرسکتے ہیں۔ اپنے نزدیکی سنٹر کی نشاندہی کے لیے، براہ کرم 1-800-267-8097 پر کال کریں۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ ای ایس اے (ESA) اور ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت دعووں کے لیے الگ الگ فارمز استعمال کیے جاتے ہیں۔